**BRAMPTON** Service and Information Update

20 مارچ 2023

## مردہ آبی پرندے کا ایوینٔ انفلوئنزا کا ٹیسٹ مثبت آیا گیا ہے

برامپٹن، آن – جیسا کہ پروفیسرز لیک اور ڈنکن ویلی فوسٹر ساؤتھ کے علاقوں میں مردہ آبی پرندے پائے گئے تھے اور ان کے نمونے ایوینٔ انفلوئنزا (برڈ فلو) کے ٹیسٹ کے لیے بھیجے گئے تھے، جس کا نتیجہ مثبت موصول ہوا ہے۔

ان کے نمونے کینیڈین وائلڈ لائف ہیلتھ کوآپریٹو (CWHC) کے پاس ٹیسٹ کے لیے بھیجے گئے تھے، جن کے نتائج سے یہ تصدیق ہو گئی ہے کہ ان پرندوں کی موت ایوینٔ انفلوئنزا (برڈ فلو) کے سبب واقع ہوئی ہے۔

سٹی آف برامپٹن اینیمل سروسز کی ٹیم اس تشویشناک صورتحال کی سرگرمی سے نگرانی کر رہی ہے اور اپنے تمام سرکاری شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔

ایوینٔ انفلوئنزا (برڈ فلو) کا انسانوں میں پھیلنے کا خطرہ انتہائی کم ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے موجودہ طور پر عام لوگوں کے لیے خطرے میں اضافے کا کوئی امکان نہیں ہے۔

رہائشیوں اور پالتو جانوروں کی صحت و حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے، سٹی آف برامپٹن مردہ آبی جانوروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر ذیل میں کچھ مفید مشورے پیش کر رہا ہے۔

پالتو جانوروں کے مالکان سے درج ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی گزارش کی جاتی ہے:

- اپنے جانوروں کو کسی بھی آبی پرندے یا اس کے پاخانے سے دور رکھیں
- آبی پرندوں کو دانہ وغیرہ نہ ڈالیں اور ان سے دور رہیں
- بلیوں کو گھر کے اندر رکھیں
- کتوں کو پٹہ ڈال کر رکھیں (جیسا کہ میونسپل بائی لاء کے تحت بھی ضروری ہے)
- پالتو جانوروں (مثلاً کتوں یا بلیوں) کو گیم برڈز یا پولٹری کا کچا گوشت نہ کھلائیں
- اگر آپ پالتو پرندوں کو عام طور پر گھر کے اندر نہ بھی رکھتے ہوں، تو اب انہیں گھر کے اندر تک ہی محدود رکھیں
- بیکٹیریا یا وائرس کی آلودگی کے امکانات کو کم کرنے کے لیے پرندوں کے فیڈرز کو بار بار صابن اور پانی سے اچھی طرح دھوئیں

اس وقت، تمام عوامی مقامات جہاں پر مردہ آبی پرندوں ملے ہیں، کو عوام کے لیے بدستور کھلا رکھا گیا ہے۔ عام لوگوں کی آگاہی کے لیے ان علاقوں میں معلومات آویزاں کی جائیں گی کہ وہاں پر آبی پرندے ایوینٔ انفلوئنزا (برڈ فلو) سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

اگر عوام کو مزید مردہ آبی پرندے نظر آئیں، تو ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ 1-1-3 پر کال کر کے اس بارے میں اطلاع دیں۔

کینیڈا کی مرغابیوں کے بارے میں اضافی معلومات سٹی آف برامپٹن کی ویب سائٹ پر یہاں مل سکتی ہیں۔

ایوینٔ انفلوئنزا (برڈ فلو) کے بارے میں مزید معلومات سٹی آف برامپٹن کی ویب سائٹ پر یہاں مل سکتی ہیں۔

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca